A

# SAMAGRA SHIKSHA, KERALA

910

# SECOND TERMINAL EVALUATION 2019-20

STD : IX

Time :1 ½ Hrs

## First Language Part-1 (Urdu)

Score : 40

പൊതു നിർദേശങ്ങൾ
- ആദ്യത്തെ 15 മിനുട്ട് ചോദ്യങ്ങൾ വായിച്ച് മനസിലാക്കാനുള്ള സമാശ്വാസ സമയമാണ്.
- 1 മുതൽ 4 വരെയുള്ള ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 3 എണ്ണത്തിന് ഉത്തരമെഴുതേണ്ടതാണ്.
- 5 മുതൽ 8 വരെയുള്ള ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 3 എണ്ണത്തിന് ഉത്തരമെഴുതേണ്ടതാണ്.
- 9 മുതൽ 15 വരെയുള്ള ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 5 എണ്ണത്തിന് ഉത്തരമെഴുതുക.
- 16 മുതൽ 21 വരെയുള്ള ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 4 എണ്ണത്തിന് മാത്രം ഉത്തരമെഴുതുക

**3x1=3** — 1 سے 4 تک کے سوالوں سے کسی تین کے جواب لکھیے۔

1 — 1 'اسکاٹ لینڈ کا راجا' کہانی کے راجا کے لیے مناسب لفظ کون سا ہے؟
[ عقل مند، بے وقوف، محنت کش، ہوشیار ]

1 — 2 'جو بوئے گا وہ کاٹے گا' ایک کہاوت ہے۔
بچو، یہ کس موضوع کے بارے [illegible]
[کھیتی باڑی، رشتہ داری، [illegible] مالداری]

1 — 3 بچو، 'یوم مزدور' مزدوروں کا دن ہے۔ یہ کب منایا جاتا ہے؟
[۵/جون، ۱/مئی، ۱۴/نومبر، ۱۵/اگست]

1 — 4 نیچے چند ادیبوں کے نام دیے گئے ہیں۔ ان میں سے افسانہ نگاروں کے نام چن کر لکھیے۔
[جوش ملیح آبادی، مرزا فرحت اللہ بیگ، محمد اقبال، پریم چند]

**3x2=6** — 5 سے 8 تک کے سوالوں سے کسی تین کے جواب لکھیے۔

2 — 5 اشعار غور سے پڑھیے۔ ان میں کھیتی باڑی کے بارے میں لکھا ہوا شعر چن کر لکھیے۔

(a
جھٹ پٹے کے وقت گھر سے ایک مٹی کا دیا
ایک بڑھیا نے سرِ راہ لا کے روشن کر دیا

(b
کاٹو کھیتاں کاٹو رے گھر گھر روٹی بانٹو رے
خون پسینہ بیر ورے چاند ستارے کاٹو رے

(c
جس کی ہو کوئی حاجت تجھ سے ہی مانگتا ہے
محتاج بھی ترا ہے حاجت روا بھی تو ہے

2

6 مناسب لفظ چن کر گروہ بھریے۔

[ افسانہ، ڈراما، نظم]

| | | | |
|---|---|---|---|
| a | ................ | جینے کے لیے | گوبردھن |
| b | ................ | الطاف حسین حالی | مٹی کا دیا |

2

7 ڈراما 'بیساکھی' آپ نے پڑھا ہے نا؟ یوسف اس ڈرامے کا ایک اہم کردار ہے۔
بچو، یوسف کے بارے میں چار جملے دیے ہیں۔ ان میں سے مناسب دو جملے چن کر لکھیے۔

a] یوسف محنتی آدمی ہے۔ b] یوسف ہٹا کٹا نوجوان ہے۔

c] یوسف بیساکھی کی مدد سے چلتا ہے۔ d] یوسف بھیک مانگتا ہے۔

2

8 بچو، نیچے دو قول ہیں۔ قوسین سے قول کے مناسب کرداروں کے نام چن کر لکھیے۔

[بھاگمتی، شیام، گوبردھن]

| | | |
|---|---|---|
| a | "رام لال بھائی! جینے کے لیے مرنا بھی ہوگا"۔ | ................ |
| b | "اپنا پیٹ جانور بھی بھر لیتے ہیں نا؟ آدمی وہی ہے جو آدمی کے کام آئے"۔ | ................ |

**5x3=15**

**9 سے 15 تک کے سوالوں سے کسی پانچ کے جواب تین چار جملوں میں لکھیے۔**

3

9 اشعار غور سے پڑھیے۔

آؤ چٹانیں توڑیں گے ندی نالے موڑیں گے
پیاسی پیاسی کھیتی ہے کھیت میں پانی جوڑیں گے

a) بچو، اس لوک گیت کا شاعر کون ہے؟

b) اس نظم کے ذریعہ شاعر کسان اور کھیتی باڑی کے بارے میں کیا کہنا چاہتے ہیں؟ شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے۔

3

10 بڑھیا ممتاز بیگم نے امتحان کی فیس ادا کرنے میں ساوتری کی مدد کی۔
بچو، ہمارے آس پاس بھی کئی غریب لوگ رہتے ہیں۔ غریب لوگوں کے لیے ہم کیا کر سکتے ہیں؟ آپ کے خیالات لکھیے۔

11 آج کل آلودگی کی وجہ سے ندی نالے کا پانی گندہ ہو رہا ہے۔ ندی نالوں کی حفاظت کرنا ہر ایک انسان کا فرض 3
ہے۔ اسکول ہیلتھ کلب کے ماتحت ندی نالے کی حفاظت پر ایک جلوس نکالنے کا فیصلہ کیا۔
بچو، جلوس کے لیے تین نعرے تیار کیجیے۔
جیسے:

| |
|---|
| ندی نالے صاف کریں پانی کو ہم صاف رکھیں |

12 اسکاٹ لینڈ کا راجا کی نامعقول حرکتوں کی وجہ سے ملک میں پانی کی قلت اور سخت قحط پڑا۔ 3
آج کل ہماری ریاست کیرلا میں بھی قدرتی آفات بڑھتی جا رہی ہیں۔
بچو، پانی کی قلت، سیلاب جیسی قدرتی آفات کی وجوہات کیا کیا ہیں؟ آپ کے خیالات لکھیے۔

13 افسانہ 'جینے کے لیے' آپ نے پڑھا ہے نا؟ رام لال اس افسانے کا ایک کردار ہے۔ 3
a] بچو، اس افسانے کے اور دو کرداروں کے نام لکھیے۔
b] پسندیدہ ایک کردار پر نوٹ لکھیے۔

14 مچھندر کا جوتا بہت مشہور ہے۔ یہ جوتا ان کو وراثت میں ملی ہے۔ یہ بزرگوں کی نشانی ہے۔ 3
بچو، مچھندر اپنا جوتا بیچنے کے لیے اخبار میں ایک اشتہار دینا چاہتا ہے۔ اس جوتے کے لیے اشتہار تیار کیجیے۔

15 ایک زمانہ تھا جب ہم بارش میں بھیگتے اور ناچتے تھے۔ تالاب اور ندیوں میں تیرتے تھے۔ 3
جاوید میاں اپنے بچپن کا زمانہ یاد کر رہا ہے۔
بچو، آپ بھی بارش کے بارے میں ایک تجرباتی نوٹ تیار کیجیے۔

**16 سے 21 تک کے سوالوں سے کسی چار کے جواب چار یا پانچ جملوں میں لکھیے۔** 4x4=16

16 اشاروں کی مدد سے سہیل عظیم آبادی کے بارے میں سوانحی نوٹ تیار کیجیے۔ 4

**سہیل عظیم آبادی**

| | |
|---|---|
| نام | : سہیل عظیم آبادی |
| اصل نام | : محمد مجیب الرحمان |
| پیدائش | : ۱۵/جولائی ۱۹۱۱ء |
| پہلا افسانہ | : سحر نغمہ |
| وفات | : ۱۹۷۹ء الہ آباد |

17 عبارت غور سے پڑھیے۔ اشاروں کی مدد سے چار سوالات تیار کیجیے۔ 4

والدہ صاحبہ جب رضیہ کا زیور اتارنے لگیں تو وہ مچل گئی۔ انھوں نے سمجھانا شروع کیا کہ دیکھو، بھائی جان پاس ہو جائیں گے تو تم کو اتنا زیور بنا دیں گے۔ تمھارے لیے گڑیاں لائیں گے۔ تم کو اچھے اچھے کپڑے سلوائیں گے۔ میں یہ سب سنتا رہا۔ لیکن رضیہ کے ایک فقرہ نے ایسا بے تاب کر دیا کہ مجھ سے وہاں نہ ٹھہرا گیا۔ اس کا یہ کہنا کہ "اگر بھائی صاحب پاس نہ ہوئے تو....... "میرے دل میں تیر کی طرح لگا۔

| |
|---|
| اشارے: کیوں، کون، کیا، کیسا، کیا کیا |

18 گاؤں کے خوبصورت نظارے دیکھ کر سلیم خوشی خوشی اپنا شہر بنگلور واپس گیا۔ گھر میں اس کی امی اس کا انتظار کر رہی تھی۔ بیٹے کو دیکھ کر امی نے پوچھا۔ 4

امی: بیٹے، تمہارا سفر کیسا تھا؟

سلیم:..............

بچو، دونوں کے درمیاں ہونے والی گفتگو آگے بڑھایئے۔

19 علاقائی سیمنار میں حصہ لینے کے بعد یاسمین خوشی سے اپنا گھر واپس آئی۔ اس نے ماحولیات کے تحفظ پر ایک اچھا مقالہ پیش کیا تھا۔ اس خوشی میں وہ اباجان شکیل کے نام خط لکھنا چاہتی ہے۔ 4

بچو، خط تیار کرنے میں یاسمین کی مدد کیجیے۔

| |
|---|
| اشارے: نام، جگہ، تاریخ، آداب والقاب، موسوم |

20 4

ہم محنت کش جگ والوں سے جب اپنا حصہ مانگیں گے
اک کھیت نہیں اک باغ نہیں ہم ساری دنیا مانگیں گے

a] بچو، اس شعر میں کس کے بارے میں بیان ہے؟ [مزدور، امیر، غریب، احمق] 4

b] یہ شعر فیض احمد فیض کی 'اپنا حصہ مانگیں گے' نظم سے لیا ہے۔

بچو، شاعر اس کے ذریعہ کیا کیا کہنا چاہتے ہیں؟ شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے۔

21 کہانی 'اسکاٹ لینڈ کا راجا' آپ نے پڑھی ہے نا؟۔ راجا کی نامعقول حرکات کی وجہ سے فطرت بگڑنے لگی تھی۔ 4

بچو، فطرت کی حفاظت ہم سب کی ذمہ داری ہے۔ فطرت کی حفاظت کے لیے ہم کیا کر سکتے ہیں؟ اپنے الفاظ میں لکھیے۔